**این ایف سی ایوارڈ میں سندھ کو اسکا جائز حصہ ملنا چاہیے تا کہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو۔الطاف حسین**

**بڑے ڈیموں کے بجائے چھوٹے چھوٹے فوری ڈیم تعمیر کئے جانے چاہئیں**

**ایم کیو ایم پر الزامات اسی لئے لگائے جارہے ہیں کہ وہ جاگیرداروں اور وڈیروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ہے**

**متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والے تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں سے ٹیلیفون پر بات چیت**

کراچی۔۔۔10، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ این ایف سی ایوارڈ میں سندھ کو اس کا جائز حصہ ملنا چاہیے تا کہ سندھ کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو اور بڑے ڈیموں کے بجائے چھوٹے چھوٹے ڈیم فوری تعمیر کئے جانے چاہئیں کیونکہ چھوٹے ڈیموں کی تعمیر جلدی مکمل ہوگی اور اس سے سب کو فائدہ ہوگا۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والے تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں سے ٹیلیفون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے قیام پاکستان کے بعد سے سندھ کے ساتھ ناانصافیاں کی گئیں جن کی وجہ سے محرومیوں نے جنم لیا، 1971ء میں ذوالفقار علی بھٹو برسر اقتدار آئے لیکن وہ اپنی پارٹی کے منشور پر مکمل طور پر عمل نہ کر سکے۔1977ء میں ان کی حکومت کا خاتمہ کر دیا گیا اور بالآخر بھٹو کو ایک متنازعہ مقدمہ میں پھانسی دیدی گئی۔جب بھٹو کی پھانسی کا وقت آیا تو بھٹو کے قریبی جتنے بھی جاگیردار اور وڈیرے تھے وہ انہیں چھوڑ کر چلے گئے اور پیپلز پارٹی کے صرف غریب کارکنوں نے قربانیاں دیں۔انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کی واحد نرینہ اولا د مرتضیٰ بھٹو جو جلا وطن تھے،انہیں اسٹیبلشمنٹ نے وطن واپس بلایا اور بینظیر بھٹو کے دور میں مرتضیٰ بھٹو کو انہی پولیس والوں نے ماورائے عدالت قتل کر دیا جنہیں بینظیر بھٹو،سندھ کے شہری علاقوں کے عوام کے ماورائے عدالت قتل پر تمغے دیا کرتی تھیں۔انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو نے آج تک عوام حتیٰ کہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو یہ تک نہیں بتایا کہ مرتضیٰ بھٹو کو کس نے شہید کیا۔انہوں نے کہا کہ آج بھی صرف اقتدار کے حصول کی بات کی جارہی ہے جبکہ سندھ کی محرومی اور عوام کے مسائل کی بات نہیں کی جاتی۔این ایف سی ایوارڈ کے معاملے کا ذکر کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ میں سندھ کو اس کا جائز حصہ ملنا چاہیے تا کہ سندھ کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو۔بڑے ڈیموں کی تعمیر کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ بڑے ڈیموں کے بجائے چھوٹے چھوٹے ڈیم تعمیر کئے جانے چاہئیں کیونکہ چھوٹے ڈیموں کی تعمیر جلدی مکمل ہوگی اور اس سے سب کو فائدہ ہوگا۔12 مئی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 12 مئی کا سانحہ انہی سازشوں کا تسلسل ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ سندھ میں امن قائم نہ ہوسکے، یہاں بیرونی سرمایہ کاری نہ ہو،سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں بڑے پیمانے پر ہونے والے ترقیاتی کاموں کا سلسلہ روکا جائے،سندھ کا امن وامان جو کئی سالوں سے بہتر تھا اسے تباہ کر کے اس کا سارا الزام ایم کیو ایم کے سر تھوپ دیا جائے اور سندھ کی حکومت کو کمزور کر کے سندھ پر مرکز کی گرفت مضبوط کی جائے جبکہ دوسری طرف اس سانحہ کا سارا الزام ایم کیو ایم پر تھوپ کر اسے بدنام کیا جائے اور پورے ملک میں متحدہ قومی موومنٹ کے بڑھتے ہوئے پیغام کو روکا جائے۔انہوں نے کہا کہ 12 مئی کو ایم کیو ایم کی ریلی میں کراچی کے شہری اور دور دراز کے مضافاتی علاقوں کے لوگ بھی شریک تھے جن میں نوجوان، بزرگ،خواتین، بچے، بچیاں حتیٰ کہ شیر خوار بچے تک شامل تھے۔جو اس بات کے عینی شاہد ہیں کہ ایم کیو ایم کی ریلی پر کس طرح چڑھائی کی گئی۔انہوں نے کہا کہ جس کا ارادہ کسی پر حملے یا تصادم کا ہو وہ گھر کی خواتین اور معصوم بچوں کو لیکر نہیں نکلتا۔انہوں نے کہا کہ 12 مئی کے بعد طے شدہ سازش کے تحت مخالف سیاسی جماعتوں،تمام تجزیہ نگاروں نے ایم کیو ایم پر الزامات کی بوچھاڑ کر دی اور واقعہ کو لسانی رنگ دیکر عوام کو لسانی بنیادوں پر تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی تا کہ عوام تقسیم ہو جائیں اور ایم کیو ایم کو ایک لسانی جماعت ثابت کیا جائے اور اسے قومی جماعت نہ بننے دیا جائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم پر جتنے بھی الزامات لگائے جارہے ہیں اگر ان میں ذرہ برابر بھی صداقت ہوتی تو آج الطاف حسین کے پاس بھی بنگلے اور جائیدادیں ہوتیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پر الزامات اسی لئے لگائے جارہے ہیں کہ وہ جاگیرداروں اور وڈیروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ہے اور اس کے منتخب حق پرست نمائندے تمام عوام کی بلا امتیاز خدمت کررہے ہیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم متحدہ قومی موومنٹ کے پیغام سے بہت متاثر ہوئے ہیں،اب تک تو ہم محض سیاسی نعروں کے پیچھے بھاگ رہے تھے لیکن اب ہم ایک سچی حق پرست عوامی جماعت میں شامل ہو گئے ہیں،ہم اب آپ کی قیادت میں حق اور انصاف کیلئے جدوجہد کرنا چاہتے ہیں کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں آپ کے علاوہ کوئی سچا لیڈر نہیں ہے۔جناب الطاف حسین نے تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پر انہیں مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ثابت قدم رکھے،آپ کو متحدہ قومی موومنٹ کا ہراول دستہ بنائے۔

## حق پرستی کی یہ جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی، الطاف حسین

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے 29ویں یوم تاسیس کے موقع پر تہنیتی بیان

لندن۔۔۔10، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد ملک سے ظلم وستم اور انصافیوں پر مبنی فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہے اور ہمیں کامل یقین ہے کہ حق پرستی کی یہ جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔ اے پی ایم ایس او کے 29ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے تہنیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد میں کٹھن، کڑے اور مشکل حالات سے گزرنا پڑتا ہے اور جولوگ حالات کے جبر کا مردانہ وار اور ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کرتے ہیں اور تمام تر قربانیاں دیتے ہوئے اپنی اصولی جدوجہد پر قائم رہتے ہیں کامیابی ان کا مقدر بنتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی 30 سالہ حق پرستانہ جدوجہد میں اگنت نشیب وفراز آئے، تحریک کو آگ وخون کے دریا عبور کرنے پڑے، ہزاروں ساتھیوں نے جام شہادت نوش کیا، قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں اور ہر قسم کے کڑے اور مشکل حالات کا سامنا کیا لیکن حق پرستی کی جدوجہد میں نہ صرف ثابت قدم رہے بلکہ آج بھی ثابت قدمی سے جدوجہد کررہے ہیں جس پر تحریک کے تمام پرعزم، بہادر اور مخلص ذمہ داران اور کارکنان زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کا حصول اور ناانصافیوں پر مبنی فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوجاتا ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد سچائی پر مبنی ہے اور ہمیں کامل یقین ہے کہ ہماری حق پرستانہ جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی اور وہ دن بہت جلد آئے گا جب ملک کے گوشے گوشے میں حق پرستی کے ترانے گونجیں گے۔ جناب الطاف حسین نے تمام کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ تحریک کے شہداء کی قربانیوں کو ہرگز فراموش نہ کریں اور تحریک کے اجتماعی مفادات کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاکر دنیا بھر میں تحریک کا پیغام پھیلانے کی اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے ایم کیوایم اور اے پی ایم ایس او کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کی دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## اے پی ایم ایس او کا 29، واں یوم تاسیس آج پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں منایا جائے گا

## اجتماعات سے الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔10، جون 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کا 29واں یوم تاسیس کل بروز پیر مورخہ 11 جون کو پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں روایتی جوش وخروش سے منایا جائے گا اس سلسلے کا مرکزی اجتماع جناح گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں شام 5 بجے ہوگا جبکہ کراچی کے علاوہ سندھ کے 17 زونوں، پنجاب کے مختلف اضلاع سمیت سرحد اور بلوچستان میں بھی یوم تاسیس کے اجتماعات منعقد ہونگے۔ کراچی اور سندھ میں ہونے والے اجتماعات سے جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ یوم تاسیس کی تقریبات کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں انتظامات کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوگئیں ہیں، پنڈال میں سینکڑوں بانس لگائے جاچکے ہیں جبکہ پنڈال میں روشنی، ساؤنڈ کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔ پنڈال میں اسٹیج کی تیاری کا آغاز کیا جاچکا ہے اور پنڈال کے چاروں جانب ایم کیوایم کے پرچم، بینرز اور جناب الطاف حسین کے پوٹریٹ لگائے جاچکے ہیں۔ جناح گراؤنڈ میں یوم تاسیس کی تقریبات میں ایم کیوایم اور اے پی ایم ایس او کے درجنوں کارکنان رات گئے تک مصروف ہیں اور یوم تاسیس کی تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔

## ایم کیوایم کی جانب سے ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کا قیام

### حیدرعباس آرگنائزراور فیصل سبزواری جوائنٹ آرگنائزرمقرر، آرگنائزنگ کمیٹی میں قمرمنصوراور سیف عباس شامل ہیں

کراچی۔۔۔10، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوام الناس، بین الاقوامی دنیا اور ملکی و بین الاقوامی میڈیا تک متحدہ قومی موومنٹ کے فکروفلسفہ، مختلف معاملات پراس کے مؤقف اورنکتۂ نظر اورمتحدہ قومی موومنٹ کی عوامی خدمات کی تفصیلات بہتر سے بہتر اور جدید طریقوں کے ذریعے پہنچانے کیلئے ''ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ'' ( Mass Communication and Media Managment Wing) قائم کردیا ہے۔اس ونگ کے مقاصد میں میڈیا اور متحدہ قومی موومنٹ کے درمیان تعلقات کومزید بہتر بنانا بھی ہے۔اس ونگ کے آرگنائزر حق پرست رکن قومی اسمبلی سید حیدرعباس رضوی، جوائنٹ آرگنائزر حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری جبکہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان میں حق پرست صوبائی وزیر قمرمنصور اور متحدہ قومی موومنٹ کی میڈیا کمیٹی کے انچارج سیف عباس شامل ہیں۔

تحریک انصاف سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری نذیراحمد بروہی کی 40 ساتھیوں سمیت متحدہ میں شمولیت

## تحریک انصاف سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری کی متحدہ میں شمولیت

### نذیراحمد بروہی کی نائن زیرو پر پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔10، جون 2007ء

تحریک انصاف سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری نذیراحمد بروہی نے اپنے 40 ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنت میں شمولیت کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ قائدتحریک الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں واحد سیاسی جماعت متحدہ قومی موومنٹ ہے جو 98 فیصد مظلوم طبقے کی نمائندگی کرتی ہے۔12 مئی کو ایم کیوایم کی پرامن ریلی پر فائرنگ کے واقعہ نے ان کی آنکھیں کھول دیں اور وہ یہ سمجھنے پر مجبور ہوگئے کہ انہوں نے اپنے 7 سال ایک ایسی جماعت میں شامل رہ کرضائع کردیئے جہاں آمریت ہے اور کوئی نظم وضبط نہیں ہے۔وہ اتوار کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف میں کہیں بھی ڈسپلن نہیں ہے ہر شخص خود کو لیڈر سمجھتا ہے نیز یہ کہ رہنمائی کرنیوالا کوئی نہیں اس لئے انہوں نے فیصلہ کیا کہ کسی ایسی جماعت میں شامل ہوا جائے جہاں خدمت کے بھرپور مواقع ہوں اور صحیح رہنمائی مل سکے، سندھ و پاکستان کو امن کا گہوارہ بنانے کی جدوجہد کی جاسکے ایسی جماعت صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے جس کے قائد اپنے کارکنوں کی بھرپور رہنمائی کرتے ہیں اس لئے وہ جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم کے شانہ بشانہ چلنے کا اعلان کرتے ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے نذیراحمد بروہی اوران کے دیگر ساتھیوں کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ایم کیوایم میں شمولیت پر مبارکباد دی جبکہ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور نیک محمد بھی موجود تھے۔

## اے پی ایم ایس او کی جانب سے یوم تاسیس کے موقع پر دیدہ زیب پوسٹر کا اجراء

کراچی۔۔۔10، جون 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے 29 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اے پی ایم ایس او کی جانب سے خوبصورت اور دیدہ زیب پوسٹر کا اجرا کیا گیا ہے۔پوسٹر کے درمیان میں پہاڑ پر ایک نوجوان کا عکس دکھایا گیا ہے جو دونوں ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم تھام کر سورج کے مقابل کھڑا ہے اور بائیں جانب جناب الطاف حسین کی تصویر بنائی گئی ہے۔پوسٹر کے اوپری جانب یہ شعر ''ترا خیال تیری یاد تیری فکر کچھ ہو، کڑی ہے دھوپ کوئی سائباں ضروری ہے'' جلی حروف میں تحریر کیا گیا ہے۔

## میاں چنوں کے دووکلاء کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## ایم کیوایم کوپنجاب میں تاریخی کامیابی حاصل ہوگی،تنویراحمدایڈوکیٹ،رانامحمدکاشف ایڈوکیٹ

خانیوال۔۔۔10،جون2007ء

پنجاب کے ڈسٹرکٹ خانیوال کی تحصیل میاں چنوں سے تعلق رکھنے والے وکلاء چوہدری تنویراحمدایڈوکیٹ اوررانامحمدکاشف خان ایڈوکیٹ نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورایم کیوایم کی حق پرستانہ عملی جدوجہد سے متاثر ہوکرمتحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روزمیاں چنوں میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرایم کیوایم خانیوال کے ڈسٹرکٹ آرگنائزڈاکٹرمشتاق بھی موجود تھے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری تنویراحمدایڈوکیٹ اوررانامحمدکاشف ایڈوکیٹ نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کےقول وفعل کا جائزہ لینے کے بعدہم اس نتیجہ میں پہنچے ہیں کہ ملک بھرکےغریب ومتوسط طبقہ کےحقوق کے لئےصرف متحدہ قومی موومنٹ عملی جدوجہدکررہی ہے یہی وجہ ہے کہ ہم نے ایم کیوایم میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ 12 مئی کے اصل حقائق سامنے آنے پرملک بھرکےعوام اس حقیقت سے واقف ہوچکے ہیں کہ یہ ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازش تھی اورایک سوچے سمجھے منصوبے کےتحت ملک بھرمیں ایم کیوایم کوبدنام کرنے کیلئےقتل وغارتگری کروائی گئی اورپھرمیڈیا کے ذریعے گمراہ کن پروپیگنڈہ کرکےعوام کوایم کیوایم سے بدظن کرنے کی ناکام کوشش کی گئی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے باشعورعوام حقائق سے واقف ہورہے ہیں اورانشاءاللہ ایم کیوایم کوپنجاب میں تاریخی کامیابی حاصل ہوگی۔

## نادرافضل کے قاتل حقیقی دہشت گردوں کوسخت سزادی جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10،جون2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ماڈل کالونی میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے ہمدردنادرافضل کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ تین ماہ سے ایم کیوایم کے ہمدردنادرافضل اوران کے چھوٹے بھائی ایازکوجرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی جانب سے بھتہ نہ دینے کی صورت میں قتل کی دھمکیاں دی جارہی تھیں اورجمعہ کی شب مسلح حقیقی دہشت گردوں نے نادرافضل کوگولیاں مارکرشہیدکردیا۔رابطہ کمیٹی نے نادرافضل کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نادرافضل کےقتل کا فوری نوٹس لیا جائے اورقتل میں ملوث جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں اوران کے سرپرستوں کوقانون کےمطابق سخت ترین سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے نادرافضل شہیدکےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیدکوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ٹنڈوآدم کےحق پرست یوسی کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔10،جون2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹنڈوآدم کے یوسی 4 کےحق پرست کونسلرجاویداحمدکی اہلیہ محترمہ فرزانہ کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی نے ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کی ضلعی کمیٹی کے رکن خالدمحموداورکارکن عابدمغل کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔10،جون2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نےتنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اورغیرتنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناءپرایم کیوایم ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کی ضلعی کمیٹی کےرکن خالدمحمود ولدمحبوب عالم اورکارکن عابدمغل ولدمحمدرفیق کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کےتمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی وہ مذکورہ افراد سےکسی قسم کارابطہ یاتعلق نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆